درج ذیل عبارت میں دئیے گئے الفاظ کی مدد سے خط کشید واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھئے۔

دوا فرد مشین قسم جنگلات وجہ دور

یہ سائنس کا زمانہ ہے۔جس میں طرح طرح کی مشینیں ________ ہر طرف دکھائی دیتی ہیں۔انسان ان مشینوں کا محتاج ہوکر رہ گیا ہے۔گھر میں یا باہر ہر افراد ________ ان مشینوں کا سہارا تلاش کرتا ہے۔ان مشینوں کے استعمال کی وجوہات ________ سے انسان کئی بیماریوں کا شکار ہوجاتا ہے۔

وہ ادوار ________ بیت گئے جب انسان صاف ہوا سے لطف اندوز ہوتا تھا۔اب تو ہر اقسام ________ کا دھواں اور زہریلا مواد ہوا کی پلیٹ میں سج کر انسان کے اندر جارہا ہے۔یہ دھواں مشینوں کا پیدا کردہ ہے۔شاید ایک دن ایسا آئے گاجب پرندے اور جانور ختم ہوجائیں گے۔زمین پر ایک بھی جنگل ________ نہیں بچے گا۔مشینیں رہ جائیں گی یا پھر

ادویات ________ کے سہارے انسان زندہ رہے گا۔